نہم گوجرانوالہ بورڈ 2012

اُردو (لازمی) — پرچہ: I (انشائی)

وقت: 2.10 گھنٹے — کل نمبر: 55

﴿پہلا گروپ﴾

(حصہ اوّل)

-2 درج ذیل اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

(i) برائے قتلِ قلتہ ہائے ماہی
چُھری کانٹے سے لڑوایا گیا ہوں

(ii) سہارا دے مجھے جوشِ محبت
کمی جوشِ محبت میں نہ آئے

(iii) دوستی احسان دانش کچھ نہیں اس کے سوا
زندگی بھر اعترافِ حُسنِ ظن کرتے رہو

(iv) شکستِ جسمِ خاکی سے ہے پیدا
رُبابِ رُوح کی نغمہ سرائی

(v) مینہ تو بوچھار کا دیکھا ہے برستے تُم نے
اسی انداز سے تھی اشک فِشانی اُس کی

(حصہ دوم)

-3 درجِ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 10

الف) صفائی کا خاص خیال رہتا۔ ایک شخص کو میلے کپڑے پہنے دیکھا تو فرمایا کہ اس سے اتنا نہیں ہوتا کہ کپڑے دھولیا کرے۔ گفتگو ٹھہر ٹھہر کر فرماتے تھے۔ ایک ایک فقرہ الگ ہوتا۔ کسی کی بات کاٹ کر گفتگو نہ فرماتے۔ جو بات ناپسند ہوتی اس کو ٹال دیتے۔ زیادہ تر چپ رہتے، بے ضرورت گفتگو نہ فرماتے۔ ہنسی آتی تو مسکرا دیتے۔

ب) مرزا صاحب کی زندگی بڑی سیدھی سادی تھی۔ کروفر یا ٹھاٹ باٹ سے کبھی نہیں رہے۔ گھر کی سواری ہم نے ان کے پاس کبھی نہیں دیکھی۔ معدے کے مریض تھے۔ پیدل زیادہ چلتے تھے۔ صبح ٹہلنے ضرور جاتے تھے۔ رات کو جلدی سو جاتے تھے۔ کھیل تماشے، سینما، تھیٹر کچھ زیادہ نہیں دیکھتے تھے۔

-4 درجِ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: 5

(الف) سفارش طلب (ب) آرام وسکون

-5 نظم 'وصال' کا خلاصہ یا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ 5

-6 کسی اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر ٹریفک کی بدانتظامی کی طرف توجہ دلایئے۔ 10

یا

ہیڈ ماسٹر صاحب/ ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام ضروری کام کیلئے چھٹی کی درخواست لکھیے۔

-7 'جھوٹ کی سزا' کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ 5

یا

دکاندار اور خریدار میں مکالمہ تحریر کیجیے۔

-8 درجِ ذیل سابقوں سے ایک ایک لفظ بنایئے: 5

اَن ، کم ، خوب ، خود ، بے۔

-9 درجِ ذیل جملوں کی درستی کیجیے:

(i) جس کی لاٹھی اُس کی گائے۔

(ii) بوڑھی گھوڑی سیاہ لگام۔

(iii) ڈوبتہ کو کشتی کا سہارا۔

(iv) میرے سَر میں درد ہو رہی ہے۔

(v) ماہِ رمضان کا مہینہ برکت والا ہے۔

یا

درجِ ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) پاک رہو ____________

(ii) آ بیل ____________

(iii) خدمت سے ____________

(iv) صورت نہ شکل ____________

(v) حساب جو جو ____________

www.ilmkidunya.com